شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

13نومبر2023ء

# پریس ریلیز

## او آئی سی کے اجلاس میں بعض ممالک اسرائیل کا دفاع کرتے نظر آئے۔ (شجاع الدین شیخ)

**لاہور (پ ر):** او آئی سی کے اجلاس میں بعض ممالک اسرائیل کا دفاع کرتے نظر آئے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔اُنھوں نے کہا کہ غزہ پر اسرائیل کی وحشیانہ بمباری اور قتل و غارت گری کو شروع ہوئے جب پینتیس (35) دن گزر چکے تھے تو اسلامی تعاون تنظیم اور عرب لیگ کا 'ہنگامی' مشترکہ سربراہی اجلاس ریاض میں منعقد کیا گیا۔ حقیقت یہ ہے کہ او آئی سی کے اجلاس کے اعلامیہ نے عالمِ اسلام کا بھرم بھی قائم نہ رہنے دیا۔ دنیا بھر کے مسلمانوں کو توقع تھی کہ 57 مسلمان ممالک کے سربراہان نہ صرف مظلوم و محصور فلسطینی مسلمانوں کی ہر طرح سے عملی مدد کرنے کا اعلان کریں گے بلکہ اسرائیلی جارحیت کے خلاف عملی اقدامات کرنے کی بھی حکمت عملی پیش کریں گے۔ لیکن صد افسوس کہ یہ اجلاس نشستن گفتن برخاستن سے زیادہ ثابت نہ ہوا اور غزہ کو بچانے اور اسرائیل کے خلاف عملی اقدامات کے اعلان کے بغیر ہی ختم ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق بعض عرب ممالک اسرائیل کے ساتھ بات چیت کا راستہ کھلا رکھنے پر مُصر رہے اور فلسطینی مسلمانوں کے اسرائیلی جارحیت کے خلاف جوابی کاروائی کے حق کو بھی اجلاس کے اختتام پر جاری اعلامیہ کا حصہ نہ بننے دیا گیا۔ عسکری مداخلت تو دور کی بات ہے اسرائیل کے تجارتی، سفارتی اور معاشی بائیکاٹ تک کا فیصلہ کرنے کی جرأت نہ کر سکے۔ حقیقت یہ ہے کہ مسلمان ممالک اپنے اس شرمناک رویہ سے عملاً ثابت کر رہے ہیں کہ امریکہ کے خوف اور اپنے اقتدار کی ہوس نے اُنہیں مکمل طور پر بے حس کر دیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ او آئی سی کے اس بے معنی اجلاس کے زیادہ مؤثر برطانیہ میں اسرائیل کے خلاف وہ مظاہرہ ثابت ہوا ہے جس میں تقریباً 8 لاکھ افراد نے شرکت کی۔ اُنہوں نے کہا کہ اسلام کے نام پر قائم ہونے والے واحد اسلامی ایٹمی ملک پاکستان کے نگران وزیراعظم صرف اتنا کہہ پائے کہ سلامتی کونسل غزہ میں قتل عام کو رکوائے۔ اُنہوں نے کہا کہ جب اپنے ہی اسرائیلی ظلم و جبر کے خلاف عملی اقدامات کرنے کو تیار نہیں تو غیروں سے کیا شکوہ کیا جائے۔ اُنہوں نے مسلمان ممالک کے سربراہان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ یہ نہ بھولیں کہ اگر خدانخواستہ سقوطِ غزہ کا سانحہ رونما ہوگیا تو اسرائیل کا اگلا نشانہ مسلمان ممالک ہی ہوں گے۔ یہ بھی یاد رکھیں کہ وہ روزِ قیامت اللہ کے ہاں جواب دہ ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ مظلوم فلسطینی مسلمانوں کی حفاظت فرمائے۔ آمین!

**جاری کردہ**

ایوب بیگ مرزا
مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: 14 November 2023**

**“Some Muslim countries, shamefully, appeared to defend Israel in the recent OIC meeting.”**

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR): “Some Muslim countries, shamefully, appeared to defend Israel in the recent OIC meeting.”**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. He said that after 35 days had passed since the commencement of Israel’s merciless bombing and massacre in Gaza, the Organization of Islamic Cooperation and the Arab League scrambled to organize an “emergency” joint summit in Riyadh. The fact of the matter is that the communique of the OIC summit shattered even the façade of a united Islamic world. Muslims around the globe were hopeful of not only a declaration proclaiming all form of practical aid for the oppressed and besieged Palestinian Muslims, but also the presentation of a blueprint for action against Israel’s relentless aggression. But unfortunately, this summit proved to be naught but a dismissive gathering and concluded without any announcement of practical measures for neither Gaza’s aid nor combatting Israel. According to sources, certain Arab states insisted on keeping the notion of dialogue with Israel alive, and the Palestinians’ right to retaliate in face of the naked Israeli aggression was also excluded from the concluding communique. Military measures aside, the participants could not even muster the courage to declare a trade, diplomatic and economic boycott of Israel. The reality is that through this contemptible behavior, Muslim nations are proving that fear of the US and their lust for personal power have rendered them completely inert. Conversely, the demonstration in Britain which saw the participation of 800,000 people proved more effective against Israel than this pointless OIC summit. He said that the Caretaker Prime Minister of the sole nuclear state founded on the foundations of Islam i.e., Pakistan, was only able to say that the Security Council should stop the massacre in Gaza. He said that when our own brethren are unwilling to take practical steps against Israeli oppression, how can we gripe at foreign inaction. He directed attention towards the leadership of Muslim states and said that they must not forget that in the tragic case that the fall of Gaza actually occurs, the consequent targets of Israel will undoubtedly be other Muslim nations. They must remember that they will be held accountable in front of Allah *(SWT)* on the Day of Judgement. May Allah *(SWT)* protect the oppressed Palestinian Muslims. Ameen!

**Issued by:**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**
**Tanzeem e Islami Pakistan**